# نماز جماعت کی شرائط

## نماز جماعت کی شرائط

مسئلہ۷۱۹۔ نماز جماعت میں مندرجہ ذیل شرائط کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۱۔ مقتدی امام سے آگے کھڑ انہ ہو اور احتیاط واجب یہ ہے کہ امام سے تھوڑا پیچھے کھڑا ہو۔

۲۔ امام کی جگہ مقتدی کی جگہ سے بلند نہ ہو البتہ تھوڑی بلند ہونا ( ایک بالشت سے کم) اشکال نہیں رکھتا۔

۳۔ امام اور مقتدی اور اسی طرح صفوں کے درمیان زیادہ فاصلہ نہ ہو۔

۴۔ امام اور مقتدی کے درمیان اور اسی طرح صفوں کے درمیان دیوار یا پردہ جیسی کوئی چیز حائل نہ ہو، البتہ مردوں اور عورتوں کی صف کے درمیان پردہ حائل ہونا کوئی اشکال نہیں رکھتا۔

مسئلہ۷۲۰۔ اگر ڈھلوان زمین پر نماز جماعت قائم کی جائے اور امام اونچائی کی طرف کھڑاہو تو اگر ڈھلوان اس قدر کم ہو کہ ہموار زمین کہلائے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ۷۲۱۔ اگر مقتدی کی جگہ اونچی ہو اس صورت میں کہ جب اس کی بلندی معمول کے مطابق ہو تو جماعت صحیح ہے مثلاً مسجد کا صحن یا چھت ہو، کئی منزلہ عمارت نہ ہو۔

مسئلہ ۷۲۲۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ امام کے سجدے کی جگہ اور مقتدی کے سجدے کی جگہ کے درمیان اور اسی طرح پہلی صف والوں کے کھڑا ہونے کی جگہ بعد کی صف والوں کے سجدے کی جگہ کے درمیان ایک لمبے قدم ( تقریبا ایک میٹر) سے زیادہ فاصلہ نہ ہو۔

مسئلہ۷۲۳۔ اگر مقتدی آگے کی طرف سے امام کے ساتھ متصل نہ ہو اور صرف دائیں یا بائیں کھڑے ہونے والے شخص کے ذریعے امام سے متصل ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ۷۲۴۔ اگر نماز کے دوران امام اور مقتدی یا مقتدی اور اس شخص کے درمیان جس کے ذریعے امام سے متصل ہو، ایک لمبے قدم سے زیادہ فاصلہ واقع ہوجائے تو جماعت کے ساتھ اتصال ختم ہوجائے گااور نماز فرادی ہوجائے گی۔

مسئلہ۷۲۵۔ اگر جماعت میں ایک نابالغ بچہ اتصال کا ذریعہ بن جائے چنانچہ علم ہو کہ اس کی نماز صحیح ہے تو اقتدا کرکے نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ۷۲۶۔ اگر پہلی صف میں موجود تمام افراد کی نماز ختم ہوجائے یا سب فرادی کی نیت کریں تو اگر ان کے اور ان سے پہلی صف والوں کے درمیان ایک لمبے قدم سے زیادہ فاصلہ نہ ہو تو جماعت کا اتصال برقرار رہے گا اور جماعت صحیح ہے۔ اگر اس مقدار سے زیادہ فاصلہ ہو تو ان کی نماز فرادی ہوجائے گی مگر اس صورت میں کہ جب جن افراد کی نماز ختم ہوگئی ہے وہ فوراً دوبارہ اقتدا کرلیں۔

مسئلہ۷۲۷۔ اگر امام کی نماز باطل ہوجائے یا مامومین سے پہلے امام کی نماز ختم ہوجائے مثلاً امام مسافر ہو تو مامومین میں سے کسی کو ( جو امام جماعت کی شرائط کا حامل ہو) آگے کرکے اس کی اقتدا میں نماز ختم کرسکتے ہیں۔